بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، فیصل آباد

مراسلہ نمبر 1524 جی آر مورخہ 27-04-2026

جملہ پرنسپل، ہیڈ ماسٹر، ہیڈ مسٹریس

گورنمنٹ و الحاق شدہ پرائیویٹ سکولز و کالجز / ہائیر سیکنڈری سکولز، فیصل آباد ڈویژن، فیصل آباد۔

عنوان: جماعت نہم و گیارہویں برائے تعلیمی سیشن 2026-28 میں طلباء وطالبات کی آن لائن رجسٹریشن / داخلہ سے قبل بائیومیٹرک ڈیوائس اور لیپ ٹاپ کی تعلیمی ادارہ میں دستیابی کا معاملہ۔

تحریر ہے کہ حکومت پنجاب / کنٹرولنگ اتھارٹی کی ہدایات کے مطابق پنجاب بورڈز کے زیر اہتمام میٹرک و انٹرمیڈیٹ سطح کے امتحانی مراکز میں امتحان دینے والے طلباء وطالبات کیلئے بائیومیٹرک سسٹم لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ جماعت نہم و گیارہویں برائے تعلیمی سیشن 2026-28 میں طلباء وطالبات کی آن لائن رجسٹریشن / داخلہ کے دوران تمام امیدواران کے دونوں انگوٹھوں کے فنگر پرنٹس کی لائیو اسکیننگ کی جائے گی۔

درج بالا ہدایات پر عمل درآمد کے سلسلہ میں سربراہان تعلیمی ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بورڈ ہذا کی جانب سے جماعت نہم و گیارہویں برائے تعلیمی سیشن 2026-28 کی رجسٹریشن شیڈول جاری ہونے سے قبل اپنے تعلیمی ادارہ میں بائیومیٹرک ڈیوائس (Secugen HU20-A Fingerprint Reader) اور لیپ ٹاپ / کمپیوٹر کی دستیابی کو یقینی بنائیں تاکہ تعلیمی سیشن 2026-28 میں رجسٹر ہونے والے تمام امیدواران کے دونوں انگوٹھوں کے فنگر پرنٹس کی لائیو اسکیننگ کا پراسیس داخلہ فارم کا شیڈول جاری ہونے سے قبل ہر صورت مکمل کر لیا جائے۔ واضح رہے ایسے امیدواران جن کا بائیومیٹرک پراسیس نامکمل ہوا ان کا داخلہ فارم روک دیا جائے گا۔ جسکی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی۔

نوٹ: **واضح رہے کہ بورڈ تمام ادارہ جات کی بائیومیٹرک ڈیوائس / لیپ ٹاپ کی خریداری کیلئے کسی قسم کے اخراجات ادا نہیں کرے گا۔**

ڈاکٹر حبیب الرحمان

(سیکرٹری)

کاپی برائے اطلاع:

1- گورنمنٹ و الحاق شدہ پرائیویٹ سکولز و کالجز / ہائیر سیکنڈری سکولز، فیصل آباد ڈویژن، فیصل آباد۔
2- برائے ویب سائٹ کمپیوٹر برانچ۔
3- داخلی تقسیم